آپ کو اپنے Sources سے ریونیو بڑھانا ہے، جا بجا بہت قیمتی Properties اونے پونے داموں پر Lease کرا چکے ہیں، یہ ہمارا خیبر پختونخوا کا ہر شہری، ہر طالبعلم، ہر سٹوڈنٹ، Youth یہ کو نسچن کرنے پر مجبور ہے کہ دنیا بھر کی یونیورسٹیز کے بڑے بڑے Endowment funds ہیں، بہت بڑے بڑے Resources ہیں، ہمارے Resources کیوں اونے پونے داموں پر ہیں؟ اس کے باوجود میں آپ کو صرف پچھلے تین سالوں کی بات کروں، خیبر پختونخوا حکومت نے چار ارب روپے سے زیادہ یونیورسٹیز کو دیئے ہیں، ڈیویلپمنٹ ترقیاتی فنڈز کی مد میں ہم نے اربوں روپے دیئے، یہ وفاقی حکومت کے علاوہ ہے، اس کے باوجود اگر ہم پوچھتے ہیں تو پھر ہمارے اوپر ایک ٹی وی چینل پر ایک صاحب خود کو ماہر معاشیات کہہ رہے تھے، میں ایک Constitutional position holder ہوں، اس نے میرے اوپر کو نسچن کیا کہ آپ یونیورسٹیز ریونیو کی بات کرتے ہیں، آپ کونسا ریونیو بڑھاتے ہیں؟ ان کے لئے میرا پیغام ہے، یہی اسمبلی ہے، جب آپ کے 1118 ارب روپے کا بجٹ پیش کرتے ہیں، یہی اسمبلی ہے، آپ کی تنخواہ Approve کرتی ہے، یہ ہمارا کام ہے، یہی اسمبلی ہے، یہی حکومت ہے جس نے پچھلے سال، جس نے پچھلے سال Forty five percent سے زیادہ منافع کما کر اس صوبے کو دیا ہے، جس نے اس سائیڈ سے اور اپوزیشن کی سائیڈ سے ملکر وفاق کے ساتھ بھی باقی صوبوں کے ساتھ بھی ہم اپنے Issues raise کراتے ہیں، صوبے کے محاصل کے لئے لڑتے ہیں، کوئی ماہر معاشیات کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ وہ بیٹھ کر Elected اور Constitutional لوگوں کے اوپر کو نسچن کرے۔ یہاں پر بی آر ٹی کے حوالے سے بات ہوئی، بی آر ٹی کی افادیت کے حوالے سے بات ہوئی، میں صرف فگرز بتا دیتا ہوں، نو مہینوں میں ساڑھے چار کروڑ سے زیادہ لوگوں نے بی آر ٹی میں سفر کیا، یہ وہ لوگ ہیں، بابک صاحب Privileged class کے ہیں، بی آر ٹی میں شاید وہ سفر نہ کریں لیکن مزدور، دیہاڑی دار، تنخواہ دار، خواتین، وہ طبقہ جو تیس اور چالیس روپے سے زیادہ برداشت نہیں کر سکتا، وہ بی آر ٹی میں سفر کرتا ہے۔ (تالیاں) پانچ Feeder routes کے Add ہونے سے ایک لاکھ 75 ہزار تک روزانہ کی Ridership ہے، یہ وہ بی آر ٹی ہے جو غریب طبقے کے لئے ہے۔ جناب سپیکر! پشاور کے حوالے سے بات بہت زیادہ ضروری ہے، میں ایک پشاوری ہونے کے ناطے یہ Clarification ضروری سمجھتا ہوں، پشاور نے مجھے منتخب کیا ہے، پشاور نے پاکستان تحریک انصاف کو اور ہمارے اور بھی ممبران کو منتخب کیا، پشاور کے حوالے سے ضروری ہے، آٹھ سال سے پہلے پشاور دیکھا جائے اور آج کا پشاور دیکھ لیں، زمین اور آسمان کا فرق آپ کو

نظر آئے گا۔ پشاور کے بارے میں پچھلے تین سالوں کی میں بات کرتا ہوں، کسی صورت ماحول خراب کرنے کے لئے نہیں لیکن پشاور کے تین سالوں کے فنڈز، ہمیں عدالتوں کے چکر لگوائے گئے، پشاور کے فنڈز روکے گئے، اس کے باوجود میں آپ کو بتا دوں کہ خیبر پختونخوا نے جو 66 ارب روپے سے بی آر ٹی پراجیکٹ کمپلیٹ کر کے پشاور کے غریب عوام کو کچھ دیا، پشاور ڈویژن کے 12 منسٹرز وفاق اور صوبے میں تھے، اس وقت 2008ء سے 2013ء تک، انہوں نے پشاور کے لئے کیا کیا؟ وہ بتائیں، ہم نے پشاور کے لئے۔۔۔۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈووکیٹ:</u> جناب سپیکر! یہ اپنی بات کریں، انہوں نے کیا کیا ہے؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> No cross talk، نہیں جی، Cross talk نہیں، خوشدل خان صاحب! ماحول خوشگوار رکھیں، ماحول خوشگوار رکھیں۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> خوشدل خان صاحب! صبر سے سن لیں، سن لیں جی، خیر ہے۔

<u>جناب فضل الہٰی (پارلیمانی سیکرٹری برائے بلدیات و دیہی ترقی):</u> جناب سپیکر! ماحول کو خراب نہ کریں۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> No cross talk, no cross talk.

<u>معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم:</u> میں کسی کے اوپر یہ الزام نہیں لگاتا کہ وہ پشاور کا دشمن ہے یا پشاور کے لوگوں کے ساتھ دشمنی کر دی، یہ بات میں نہیں کرتا، یہ پشاور کے شہری Decide کرینگے، پشاور کے شہری بتائیں گے کہ پشاور کے ساتھ یہ ظلم کیوں ہوا، یہ بدنیتی کیوں ہوئی؟ لیکن پشاور کے لئے موجودہ خیبر پختونخوا حکومت اگلے دو سال کے لئے سو ارب روپے سے زیادہ کا پیکج ہم لیکر ان شاءاللہ آ رہے ہیں، Hundred billion rupees اور اس میں میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ ہم کیا کچھ کرنے جا رہے ہیں، میری بہن ثمر بلور صاحبہ نے کچھ Issues raise کئے ہیں، ان کو اگر Identify کرینگے، کہاں پر قبضہ گروپ ہے، ہمارا منشور یہی ہے، کسی صورت ان شاءاللہ پشاور میں کوئی قبضہ گروپ نہیں رہے گا، ہمیں وہ بتائیں کہ دلیپ کمار اور راج کپور کی حویلی کے حوالے سے بات ہوئی، ہم Owners کے ساتھ ہر حد تک جانے کے لئے ڈسکشن کرنے لئے تیار ہیں لیکن وہ ہمارا قومی ورثہ ہے، ہم اس میں Compulsory acquisition کریں گے، لہذا اس کے لئے ہمیں سپورٹ چاہیئے۔ جناب سپیکر! اگلے دو سال میں ہم نے پشاور کے لئے یا پچھلے ایک سال میں ہم نے کیا کیا، وہ آپ ہم کو بتائیں۔ پشاور کے رینگ

روڈ پر میرے حلقے میں اور میرے ساتھ Adjacent حلقہ ہے ہزار خوانی کا، میرے حلقے میں 240 کنال کے اوپر میگا پارک بنانے جا رہے ہیں، پشاور کے لئے بہت بڑا پارک جو سالہا سال سے کوئی پارک نہیں بنا۔ اس کے علاوہ پشاور بس سٹینڈ کو ہم شفٹ کرنے جا رہے ہیں، پانچ ارب روپے کی لاگت سے چغلپورہ میں، اس جگہ پر پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ سے ہم سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ بنائیں گے جس کو ٹاؤن بھی کہتے ہیں، ایک بہت بڑا ایشو Missing link کا ہے، اس کے لئے Land acquisition ہماری فائنل مراحل میں ہے، Peshawar Revival Plan جس کو احیاء پشاور کہتے ہیں، ہم نے وہ شروع کیا، پشاور جو ہماری Heritage ہے، کلچر ہے، ہم اس کو Preserve کر سکیں، دنیا کے قدیم ترین شہروں میں پشاور ہے، ہم نے اس کو بحال کرنا ہے، Revive کرنا ہے، ان شاء اللہ اگلے سال یعنی ابھی Financial year start ہونے والا ہے، دو بڑے سٹیڈیم Youth کے لئے پشاور میں بننے جا رہے ہیں، ایک ارباب نیاز سٹیڈیم اور ایک حیات آباد سپورٹس کمپلیکس ہے، (تالیاں) یہ پشاور کے لئے ہم کر رہے ہیں۔ رینگ روڈ کی Southern link کی Improvement اس کے لئے بہت بڑی رقم ہم نے مختص کر دی ہے، اس کے اوپر کام شروع ہے، So یہ پشاور کا، میں Quickly ایک شعر سے اپنی سپیچ کا اختتام کر رہا ہوں، یہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ بھی پشاور میں ہے، زنگلی کے مقام پر بننے جا رہا ہے، ان شاء اللہ پشاور کے لئے روزگار کی فراہمی کے لئے، میں تقریر کا اختتام اس شعر پر دشمنوں کو یہ پیغام دینے کے لئے دے رہا ہوں، پشاور کے جو دشمن ہیں، یہ کہ:

ے تورہ قلم مو گورې مه چیره پښیمانه به شې۔
دغه سبق راله خوشحال ځوئې د شهباز پریښنودے
دومره وړوکے بنکار مو نه لگی خو بیا هم واوره
مونږه اکثر گورې په چتی پسې باز پریښودے

ډیره مننه۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب! اپنی سیٹ پر بیٹھیں یا تقریر کریں۔

جناب ظفر اعظم: مهربانی، په بجټ خو د اپوزیشن طرف نه چې کوم بابک صاحب تقریر کر چکے ہیں، وہ میرے خیال میں کافی ہے، میں لائق باپ کا بیٹا وزیر خزانہ صاحب کو داد دیتا ہوں کہ

انہوں نے ایسا بجٹ پیش کیا کہ ہمیں پتہ بھی نہیں چلا، ہمیں لڈو میں، گڑ میں نہیں، لڈو میں زہر دے دیا، سارے اپوزیشن کے حلقوں پر میں بات نہیں کر رہا ہوں، میں اپنے کرک کی بات کرتا ہوں۔ جناب سپیکر صاحب! کرک کا نمک تقریباً سارا پاکستان کھاتا ہے لیکن کرک کے نمک کا حق کسی نے ادا نہیں کیا۔ نمبر ایک بات یہ کہ ساری اے ڈی پی بک آپ دیکھ لیں، اس میں کرک کی دو سکیمیں ہیں، ایک سکیم 2012ء سے چلی آ رہی ہے، گومل زام ڈیم بنا ہوا ہے، ہم جب چھوٹے تھے تو چن غوث ڈیم کا افتتاح ہوا تھا، آج تک وہ کمپلیٹ نہیں ہوا۔ اس طرح ہماری اے ڈی پی میں 2012ء سے یہی سکیم آ رہی ہے، چن غوث اور لواغر ڈیم سے Various villages کو پانی مہیا کرنا، یقین جانیں اگر آپ یہ علاقہ دیکھیں، یہ سارا علاقہ جدھر یہ سکیم منظور ہوئی تھی، وہ سارے کا سارا علاقہ اس کے لائن زون میں ہے اور وہاں ایسا پانی ہے جو پینے کے قابل نہیں ہے، چودہ سو اور پندرہ سو روپے پر ٹینکر دور دور سے پانی لا کر وہ لوگ پیتے ہیں۔ دوسری ستم ظریفی دیکھیں، لواغر ڈیم سے کرک سٹی جو ہمارا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہے، وہاں پر پینے کا پانی نہیں ہے، ہمارا Burning issue جو ہے ایجوکیشن اور واٹر سپلائی ہے، آپ اے ڈی پی دیکھیں، تقریباً اٹھارہ ہے کہ انیس ہیڈز ہیں، اس صدی میں ہم صرف پانی کا مطالبہ کرتے ہیں، اگر وزیر خزانہ صاحب میری بات سنیں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> فضل الہٰی صاحب! آپ اپنی سیٹ پر بیٹھ جائیں۔

<u>جناب ظفر اعظم:</u> یہ اسمبلی ویسے بھی فضل الہٰی پر بنا ہوا ہے، جناب سپیکر صاحب! اس انیس ہیڈز میں ہمیں کچھ بھی نہیں ملا، نہ ہم مطالبہ کرتے ہیں، ہم کس چیز کا مطالبہ کرتے ہیں؟ ایجوکیشن اور پینے کے پانی کا، آپ اے ڈی پی دیکھیں، جہاں پر گنا اگ رہا ہے، وہاں پر سات سات، آٹھ آٹھ سکیمیں ہیں، جہاں پر پانی کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے، پبلک ہیلتھ کے سارے محکمے کا پیسہ ادھر ہی لگ رہا ہے لیکن کرک کو یہ دو سکیمیں دی گئی ہیں، کرک سٹی کو پانی مہیا کرنے کی یہ تیسری اے ڈی پی ہے، ایک پیسہ ابھی تک اس پر خرچ نہیں ہوا، نہ پیسہ دیا گیا ہے، وزیر خزانہ صاحب کو میں، یہ شکر ہے کہ یہ ہمارے ہیلتھ منسٹر بھی ہیں، ہیلتھ منسٹر ہوتے ہوئے ایم ٹی آئی ٹھیک ہے یا غلط ہے، ایم ٹی آئی کا میں ذاتی طور پر اس کا حامی ہوں لیکن ستم پر ستم دیکھیں کہ ہمارے پانچ اضلاع کا ایک ہی ہاسپیٹل ہے، اورکزئی، درہ آدم خیل، کوہاٹ، کرک، ہنگو، ہمارے ڈویژن میں ایک ہی ہاسپیٹل ہے، KMU، نہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ڈینٹل کالج ہے، KMU کے ساتھ، دو مولویوں میں مرغی حرام ہے، نہ KMU اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا آپس میں کوئی رابطہ ہے نہ

کوئی بیٹھتے ہیں، ہمارے ہسپتال کا بہت ہی برا حال ہے، آج تک ہمارے ڈویژنل ہاسپیٹل میں ابھی تک سٹی سکین نہیں ہے، MRI نہیں ہے، یہ جو پشاور کا گن گا رہا تھا، اس کو یہ بتادیں کہ یہ جنوبی اضلاع اور وسطی اضلاع ان کے ہاسپیٹلز ان کے کالجز ان کی یونیورسٹی کو Strengthen کر لیں تاکہ پشاور پر بوجھ کم ہو جائے، یہ پشاور کو خوبصورت بنارہا ہے، آپ ہمارے ساتھ کبھی جائیں، آپ اس طرف جاتے ہیں، ہم تو جمرود روڈ پر جاتے ہیں، بی آر ٹی کے مسئلے نے جو مسئلہ پیدا کیا ہوا ہے، آپ حیران ہونگے کہ ہم اسمبلی کو کس طرح آتے ہیں اور کس طرح جاتے ہیں؟ پبلک کا تو چھوڑیں، بی آر ٹی اگر آپ کا اس صوبے پر فضل ہے تو خدا کے لئے یہ فضل ہم سے لے لیں، ہمارے لئے اپنا روڈ کھول دیں۔ سر، ہاسپیٹل کے لئے میں اس سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ وزیر صحت بھی ہیں، اس کو MTI Act میں شامل کریں، ایبٹ آباد کا ہو چکا ہے، صوابی کا ہو چکا ہے، نوشہرہ کا ہو چکا ہے، مردان کا ہو چکا ہے، سوات کا ہو چکا ہے، صرف کوہاٹ ڈویژن گناہ گار ہے کہ اس کو MTI Act کے تحت نہیں لایا گیا، ہمارے منسٹر صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں، ہم تو اس منسٹر پر حیران ہیں کہ وہ کیبنٹ میں۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Windup, please.

جناب ظفر اعظم: سر! ابھی تو تین چار منٹ نہیں ہوئے، تین منٹ نہیں ہوئے، آپ سے تو ہماری بڑی توقع تھی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں ٹائم نوٹ کر رہا ہوں، میں ٹائم نوٹ کر رہا ہوں۔

جناب ظفر اعظم: منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں تو حیران ہوں کہ اس کو ابھی تک اپنے ڈویژن کا، اپنے ہاسپیٹل کا، کیبنٹ میں ان کو یاد بھی نہیں، یاد بھی نہیں دلایا گیا، میری عرض یہ ہے کہ کرک والے کچھ مانگتے نہیں لیکن جب ہم مانگیں گے، پچھلے سال ہم نے مانگا تھا، اسی جون میں، کیانام ہے،، بجٹ اجلاس میں ہم دونوں موجود نہیں تھے، ان گرمیوں میں ہم نے پٹرول کو بند کیا ہوا تھا، تقریباً پندرہ دن ہم نے بند کیا تو پھر حکومت نے ہمارے ساتھ بات چیت کی، حکومت نے کرک ضلع کو اپنا حق دیا، آج دیکھیں، ہمیں ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے پانچ پرسنٹ دیا تھا، ہمیں حیدر ہوتی نے، خدا ان کو جہاں بھی ہو خوش رکھے، انہوں نے ہمیں پانچ پرسنٹ دیا تھا، ہمیں Ten percent رائلٹی کے ملتے تھے، آج کی اے ڈی پی میں میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ Ten percent سے کاٹ کر ہمیں چار پرسنٹ دیا گیا ہے جو کرک کے عوام کے لئے ناقابل قبول ہے۔ وزیر خزانہ صاحب، آپ گپ شپ لگائیں گے، ایک دن ایسا آئے گا کہ آپ روئیں گے اور ہم ہنسیں گے۔ سر، میں آپ کو اس سے پہلے اس ہاؤس کو انتباہ کرتا ہوں کہ اگر ہماری Royalty ten

percent ہمیں نہیں دی گئی، یہی 84 کروڑ روپے کرک کے غریب عوام کو دے دیئے گئے، ہم اس کو Accept نہیں کرینگے، ہم ذمہ دار نہیں ہونگے، حکومت ذمہ دار ہوگی اور ان شاء اللہ قوم اٹھے گی، یہی تیل گیس ضلع کرک سے چھبیس قسم کی معدنیات نکلتی ہیں، آپ، ان کا کیا نام ہے؟ مائنز والوں کو تو بلائیں کہ مائنز والوں نے ابھی تک کوئلے کی مد میں ان کو کیا دیا ہوا ہے؟ سلیکا کی مد میں انہوں نے کیا دیا ہے، نمک کے لئے جو ہم نے سٹی بنائی ہوئی ہے، آپ جائیں، آپ کو روڈ پر نمک کی بوریاں پڑی ہوئی ملیں گی۔ ہم نے خود سٹی بنائی ہوئی ہے، ٹیکس کے لئے ہمارے لئے وہ بنا رہے ہیں کہ ہم نے جپسم اور اس کا کیا نام ہے؟ نمک کی سٹی ہم نے آپ کے لئے بنائی ہے، یہ صرف ٹیکس کی مد ہے، یہ غریب عوام کے ساتھ ان کی جو کمائی ہے، ان کے بچوں کے لئے جو ہو رہا ہے، ان کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔ سر، میری گزارش یہ ہے، آج میں نے اے ڈی پی دیکھی، ہشام صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اے ڈی پی میں مجھے یہ محسوس ہو رہا ہے، شوکت یوسفزئی صاحب نے مجھے بلایا کہ یہ اس ہال میں سب سے سینیئر سیٹزن ہے، اس ہال کے سینیئر سیٹزن کے وجہ سے میں آپ کو بتا رہا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جو ایم پی ایز باتیں کر رہے ہیں وہ لابی میں جاکر باتیں کریں، بلاول آفریدی صاحب! آپ اگر باتیں کرتے ہیں تو لابی میں کریں، آپ کی آواز کافی اونچی آرہی ہے۔

<u>جناب ظفر اعظم:</u> ہاں جی، جن کو باتیں کرنی ہیں وہ باہر جائیں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> آپ لابی میں جائیں۔

<u>جناب ظفر اعظم:</u> سر، میں اس اے ڈی پی اور یہ تین سالوں کی اے ڈی پی سے یہ ثابت کرونگا کہ چیف منسٹر ایک حلقے کا چیف منسٹر بن گیا، منسٹر صرف ایک حلقے کا منسٹر بن چکا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> Windup کریں۔

<u>جناب ظفر اعظم:</u> میں ثابت کرونگا، اس اے ڈی پی سے ثابت کرونگا کہ منسٹر اپنے حلقے کا چیف منسٹر ہے، چیف منسٹر اپنے حلقے کا چیف منسٹر ہے، باقی صوبے کا خدا حافظ، اگر یہی روش جاری رہی، یہ سارے حلقے منسٹروں کے ہوا کرتے تھے لیکن آج ان سے پوچھیں کہ ضلع کرک میں کیا ہو رہا ہے؟۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> Windup کریں۔

<u>جناب ظفر اعظم:</u> اپنے ڈیپارٹمنٹ سے پوچھیں، ان کو پتہ نہیں، ان سے پوچھیں کہ خوشدل خان کے حلقے میں کیا ہو رہا ہے، ان کو پتہ نہیں سر، یہ بہت غلط روش جارہی ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کریں۔

جناب ظفر اعظم: یہ تیسرا بجٹ ہے، میں التجاء کرتا ہوں کہ خدا کے لئے ہم اپوزیشن میں ہیں، چلو آپ نے جو رواج رکھا وہ آپ کے ساتھ ضرور ہو گا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

جناب ظفر اعظم: لیکن ہمیں اس کی شکایت نہیں ہے کہ ہشام صاحب ہمیں ہدایت دے رہے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

جناب ظفر اعظم: ایک منٹ، ایک منٹ، ہشام صاحب کی بات میں کر رہا ہوں، میں تو بجٹ پر تقریر کرنے والا بھی نہیں ہوں، آپ جائیں سیکرٹری کے دروازے پر، آپ جائیں منسٹر کے دروازے پر، میں واللہ باللہ آپ کو کہتا ہوں، یہ ہاؤس اتنا گرا ہوا ہے کہ اس ہاؤس میں لوگ طلاق اور قرآن اٹھاتے ہیں، ایم پی اے کی حیثیت ختم ہو چکی ہے، ایم پی اے کی حیثیت تھانیدار تک رہ چکی ہے، آپ دیکھ رہے ہیں، آپ پریولیج موشنز دیکھ رہے ہیں کہ DHO تک آ گئی ہیں، تھانیدار تک پریولیج موشن یہاں پر لوگ لا رہے ہیں، میں آپ کی وساطت سے ہشام صاحب پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you.

جناب ظفر اعظم: تین سال سے ہم کسی سیکرٹری کے پاس دو گھنٹے تک انتظار کرتے رہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، تھینک یو جی، ظفر اعظم صاحب، تھینک یو۔ جی، میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: سر، بیس منٹ میں کیونکہ اس نے پانچ منٹ میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، بالکل بھی نہیں، جو ٹائم ممبر کے لئے Fix ہے، اس پر آپ بات کریں، ایک ممبر کے لئے ٹائم مختص ہے، اس پر آپ شروع کریں، آپ کا اپنا ٹائم ہے۔

میاں نثار گل: سر، تھوڑا آپ ہنسا بھی کریں نا، آپ کو مبارک ہو، آپ ہنسا کریں اور ہم تقریر کریں گے۔ جناب سپیکر، آپ کا شکریہ، وزیر خزانہ صاحب کا بھی شکریہ کہ بجٹ تقریر اس نے پیش کی، سحر انگیز بجٹ تقریر اس نے پیش کی، جب ہم ادھر سے نکلے، گاڑی میں بیٹھ کر کرک کی طرف جا رہے تھے، بجٹ کتاب گاڑی میں تھی، پیچھے بیٹھا ہوا تھا، خوشی تھی کہ وزیر خزانہ صاحب نے بہت زیادہ مہربانی کی، میں پشاور سے ڈی آئی خان موٹروے بناؤں گا، میں نے Page اٹھایا، بالکل ادھر پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ پر پشاور، ڈی آئی خان موٹروے کا ذکر ہے لیکن میں ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس کے لئے فنڈ 001.، میں یہ نہیں سمجھتا کہ سو روپے یا ایک لاکھ روپے یا ایک کروڑ روپے، اس میں تیس ارب کا موٹروے بنے گا، ہم اور ملک

ظفرا عظم جنوبی اضلاع والے لوگ پشاور سے ڈی آئی خان موٹروے پر جائیں گے، اللہ اس کو بھی مبارک کرے کہ ہم اپنی زندگی میں وہ بھی دیکھیں اور یہ بنے۔ سر، میں زیادہ بات نہیں کرنا چاہتا، ملاکنڈ بھی میرا ہے، اس صوبے کا ہے، اس میں ہمارے وزیر علیٰ محترم رہتے ہیں، ہمارے ڈویژن میں جتنے بھی ترقیاتی کام کریں، اس پر ہم خوش ہونگے، پشاور بھی ہمارا ہے، اس میں ہم بھی رہتے ہیں، آپ جیسے مہربان بھی رہتے ہیں، کامران بنگش صاحب بھی رہتے ہیں، ہم ان کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہزارہ ڈویژن بھی ہمارا ہے، جتنی بھی ترقی کرے، چونکہ اس میں اکبر ایوب صاحب بھی رہتے ہیں، ساتھ ساتھ ہمارے سپیکر صاحب بھی رہتے ہیں، جناب سپیکر! جنوبی اضلاع بھی ہمارے ہیں کیونکہ اس میں ہم اپوزیشن والے اور یہ سارے لوگ ادھر رہتے ہیں لیکن آپ یہ اے ڈی پی اٹھالیں، آپ دیکھیں، اس اے ڈی پی میں جنوبی اضلاع کو کیا دیا گیا ہے؟ ہم پسماندہ لوگ ہیں، ہمارا علاقہ بہت غریب ہے، ابھی ملک صاحب نے پانی کے متعلق تقریر کی لیکن میں تھوڑا سا آپ کے فگرز پر آپ کے ساتھ بات کرنا چاہتا ہوں، میں مناظرے کے لئے چیلنج بھی کرونگا، اگر جھوٹ بولوں تو پھر میں اس ایوان میں نہیں آؤنگا، اگر اس اے ڈی پی میں جو کچھ کیا گیا ہے، میں پورے ایوان کے سامنے رکھونگا، جناب سپیکر! 2009ء میں ایک فیصلہ ہوا تھا کہ جدھر تیل نکلے گا، جدھر گیس نکلے گی، جدھر ہائیڈل نیٹ پرافٹ ہوگا، جدھر ٹوبیکو سیس ہوگا، ان علاقوں کو پانچ پرسنٹ دیا جائے گا، کیبنٹ کا فیصلہ تھا، پھر امیر حیدر خان ہوتی وزیر اعلیٰ تھے، انہوں نے Ten percent کیا، ہمارے خان صاحب اللہ اس کو خوش رکھے، جب وہ وزیر اعظم بنے، اس سے پہلے کرک آئے تھے، کرک میں انہوں نے اعلان کیا تھا کہ جب میری حکومت آئے گی تو میں Thirty percent royalty کا اعلان کرونگا، یہ ہمارے ساتھ فگرز پڑے ہوئے ہیں، ہم جنوبی اضلاع والے، کرک والے، کوہاٹ والے، ہنگو والے یہ سوال کرنا چاہتے ہیں وزیر خزانہ صاحب سے کہ ہمیں پڑھایا گیا کہ دس ضرب دس برابر سو (10 x 10 = 100)، اگر پہاڑا دس ضرب دس برابر سو ہو تو آیا نئے پاکستان میں دس ضرب دس برابر ساٹھ ہو سکتا ہے؟ ادھر لکھا گیا ہے کہ ٹوبیکو سیس کے لئے Ten percent پورا دیا گیا ہے، ادھر لکھا گیا ہے کہ ہائیڈل نیٹ پرافٹ کے لئے یہ ہے، اے ڈی پی پورا دیا گیا ہے، بجٹ تقریر میں وزیر خزانہ صاحب کہتے ہیں کہ آئل اینڈ گیس سے ہمیں 28 ارب روپے Royalty ملی۔ جناب سپیکر! 2009ء میں کیبنٹ کا فیصلہ تھا کہ پیداوری تحصیلوں کو Fifty percent دی جائے گی، جیسے تحصیل بانڈہ داؤد شاہ، تحصیل ہنگو اور تحصیل لاچی 2020ء میں Area Development Program آیا، اس پر انہوں نے ڈسٹرکٹ کا شیئر رکھا

کہ تحصیل کو ختم کرتے ہیں، اب بھی بانڈہ داؤد شاہ میں کل احتجاج ہو رہا تھا، کچھ دنوں کے بعد ہو سکتا ہے کہ مسئلہ اور بھی بڑھ جائے، ابھی ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہم 64 اور 65 فیصد کرک والے آئل اینڈ گیس پیدا کر رہے ہیں، کوہاٹ اور ہنگو ہمارے بھائی ہیں وہ Thirty six percent پیدا کر رہے ہیں لیکن اس اے ڈی پی میں 28 ارب میں Ten percent کے حساب سے دو ارب 80 کروڑ روپے بن رہے ہیں، سر، کرک کو کیا دیا گیا؟ 82 کروڑ روپے اب میں ضرب میں غلط ہوں، وزیر خزانہ صاحب کی تقریر غلط ہے، ہم تو یہ سوچ رہے تھے کہ اکبر ایوب صاحب کا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک ہفتہ دس دن پہلے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ Chair کو Address کریں۔

<u>میاں نثار گل</u>: آپ متوجہ ہوں، نہیں جی، اس کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ پندرہ اور بیس دن پہلے انہوں نے ہماری میٹنگ رکھی، ACS بھی تھے، کمشنر بھی تھے، ہمارے ایم این اے صاحب بھی تھے، ملک ظفر اعظم بھی تھے، میں بھی تھا، میجر شہزاد بھی تھا، ایک فیصلہ ہوا، ادھر جب یہ فیصلہ ہوا، اے ڈی پی ہم نے دیکھی، اس میں ہمیں دو ارب کے بجائے 82 کروڑ روپے دیئے گئے تھے۔ دوسرا ظلم 2013ء سے 2020ء تک Ten percent royalty کے حساب سے 9 ارب 84 کروڑ روپے ان کے ساتھ بقایا ہے، برائے مہربانی آپ لوگ Ten percent کو ہٹادیں، ہم جو یہ تقریر کر رہے ہیں، وہ ہم آپ کو بتا رہے ہیں کہ ہم کو Ten percent نہیں دی جا رہی ہے، ہمیں چار ساڑھے چار پرسنٹ دی جا رہی ہے، ہمارے ساتھ پرانے حسابات سے 2013ء سے 2020ء تک وہ بھی بند ہے، نئی بھی ہم نہیں لے رہے ہیں، خدا کے لئے کامران بنگش صاحب نے کہا تھا کہ ہم ایک ارب روپے اس پشاور پر خرچ کر رہے ہیں، ہم آپ کو یورینیم دے رہے ہیں جس سے چشمہ پاور پلانٹ چلتا ہے، ہم آپ کو کوئلہ دے رہے ہیں، ہم آپ کو جپسم دے رہے ہیں، ہم آپ کو نمک دے رہے ہیں، ہم آپ کو آئل اینڈ گیس بھی دے رہے ہیں لیکن ہم پانی کے لئے چیخ رہے ہیں، یہ صرف اپنے عوام کو بتانا چاہتے ہیں کہ وہ ضلع وہ علاقہ جو چالیس ہزار بیرل تیل کرک کو دے رہا ہے، آج اس کی ماں اس کی بیٹی گھڑا سر پر اٹھا کر پہاڑ سے پانی کے لئے ترس رہی ہیں۔ وزیر خزانہ صاحب! ہم بچے تھے، جب دلہن آتی تھی تو پھر وہ چنے وغیرہ دیگ میں پکائے جاتے تھے، ہم جھولی آگے لے کر جاتے تھے، تھوڑا بہت وہ ہمیں ڈالتے تھے لیکن جب تقسیم کرنے والا کوئی اپنا دیکھتا تو غصے سے بات بھی کرتا کہ آؤ، پھر اس کو ڈبل ڈالتے تھے، بہت افسوس کی بات کہ ہم آگے جھولی بھی پھیلاتے ہیں، جرگے بھی کرتے ہیں،

عدالتوں میں بھی جاتے ہیں، ادھر ہشام انعام اللہ خان صاحب نے کہا کہ آپ لوگوں کو مانگنے کا طریقہ نہیں آتا، ہمیں آپ طریقہ بتادیں کیونکہ آپ ہمارے بھائی ہیں، لکی مروت کے رہنے والے ہیں، کل آپ نے کہا کہ نیازی اور لکی والے آپس میں کزن ہیں، میں گلہ آپ سے کرنا چاہتا ہوں، آپ گلہ میرے وزیر خزانہ کو پہنچادیں، آپ میرا گلہ وزیر اعظم کو پہنچادیں کہ وہ کرک آئے تھے، Thirty percent royalty وہ نہ دے سکے، ہمیں Ten percent بھی نہیں دے رہے، میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میں 2002ء میں واحد پی ٹی آئی کا ممبر تھا، ہشام انعام اللہ خان صاحب میرے ساتھ وزیر علیٰ ہاؤس گئے ہوئے تھے، انہوں نے ایک ارب کا اعلان کیا تھا، آج ایک ارب اعلان پورے کا پورا انہوں نے دیا ہوا ہے، اکیلا ممبر کیا کر سکتا تھا؟ ہم اپوزیشن آپ کے دوست ہیں، آپ کے بھائی ہیں، آپ ہم سے Help لیا کریں، ہم نے آپ کی بجٹ تقریر سنی لیکن کم از کم جس علاقے کے ہم نمائندے ہیں، آپ تو کہتے ہیں کہ میں نے 34 سکول بنائے، ہم دو ارب اور 28 ارب روپے اس صوبے کو دینے والے ہیں، ہم پانی کے لئے سوچیں، ہم احتجاج پر سوچیں گے کہ اب نقد نہیں مل رہا، وزیر خزانہ صاحب، ہمیں صوبائی اے ڈی پی نہیں چاہیئے، ہمیں مت دیں، آپ یہ پشاور میں لگائیں، اکبر ایوب صاحب کے حلقے میں لگائیں لیکن دس ضرب دس (10x10) کو ٹھیک کر لیں، برائے مہربانی اس کو ساٹھ مت بنائیں، ہمارا پہاڑہ خراب مت کریں کیونکہ پھر ریکارڈ بن جائے گا کہ 2008ء سے 2013ء تک صوبائی حکومت کے ساتھ کوئی بقایاجات نہیں تھے، جناب سپیکر! 2013ء سے لے کر 22-2021ء تک وہ علاقہ 13 ارب روپے صوبہ ہمارا قرضدار ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کریں، ٹھیک ہے، دو منٹ، دو منٹ کرنی ہے، ٹھیک ہے، دو منٹ میں کریں۔

میاں نثار گل: سلام کرتا ہوں جی، دو منٹ دے دیں۔ جناب سپیکر! میں آپ سے ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں، ہماری بیماری، ماحول ہمارا خراب ہو رہا ہے، ہم جرگے کر رہے ہیں، ہم ہائی کورٹ جا رہے ہیں، مجھے یہ بتایا جائے کہ اس سال کرک میں دو کنوئیں اور نکلے تھے، میری Royalty کم کیوں ہوئی، کس کے اشارے پر ہوئی؟ میں تو خوشی منا رہا تھا کہ کم از کم اگر صوبائی اے ڈی پی میں کچھ نہیں ملا، کم از کم جرگہ ہوا، اکبر ایوب صاحب بھی بیٹھے تھے، ہم کم از کم تھوڑا بہت کام کرینگے لیکن ہنگو بھی ہمارا ہے، میں کبھی بھی یہ کوشش کسی کو نہیں کرنے دونگا کہ کرک Sixty four percent کے بجائے Forty five percent پر لایا جائے، اب اس اے ڈی پی میں کرک کو Forty five percent share دیا جا رہا

ہے، ہنگو اور کوہاٹ کو تقریباً Fifty four percent دیا جا رہا ہے۔ سر! تیل ہمارا، گیس ہماری، سڑکیں ہماری خراب اور نام لیا جا رہا ہے کرک کا، ہمیں اپنی Royalty نہیں مل رہی، اپنا حصہ نہیں مل رہا، ہم کہیں کہ جی پشاور ڈی آئی خان موٹروے بنے گا، ہم اس پر سفر کرینگے، ہم ادھر کہیں کہ جی بہت کچھ ہوگا، تب اس پر سفر کرینگے۔ ہم یہ ریکویسٹ کرنا چاہتے ہیں، آپ کی وساطت سے کہ ہمارے ساتھ جرگہ کر لیں، ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں، تحصیل کا شیئر جو آپ لوگوں نے خراب کیا، اس سے وزیر خزانہ صاحب، کمپنی کے لئے مسئلہ بنے گا، لوگ اٹھیں گے، آپ نے ہماری تحصیل کا شیئر خراب کیا، کس کے اشارے پر خراب کیا؟ مجھے بھی پتہ ہے، آپ کو بھی پتہ ہے، نام نہیں لینا چاہتا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> Windup کریں جی، Windup کریں۔

<u>میاں نثار گل:</u> جس پر آپ مہربان ہیں، اس پر مہربان رہیں لیکن کمپنیاں بند ہونگی، ہڑتالیں ہونگی، اکبر ایوب صاحب، پھر آپ دیکھیں گے، مسئلے بڑھیں گے، پرانے طریقے کو بحال کریں، اپنی Ten percent Royalty کا اعلان کریں، اگر Thirty percent نہیں دے سکتے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو، آپ نے خود دو منٹ کے لئے کہا تھا، دو منٹ کے اوپر تین منٹ ہو گئے۔

<u>میاں نثار گل:</u> یہ میرے بڑے اچھے دوست بھی ہیں، چھوٹے بھی ہیں، ہشام انعام اللہ خان صاحب جنوبی اضلاع سے تعلق رکھتے ہیں، لکی مروت اور کرک کے لئے کل اس نے ادھر اعلان کیا تھا کہ نیازی اور لکی والے آپس میں کزن ہیں، میں یہ گلہ اس سے کرتا ہوں کہ اپنے کزن کو پہچان لو، عمران صاحب کو میاں نثار گل کا کا خیل اسمبلی میں چیخ رہے تھے کہ وہ ایلکشن میں کرک آئے ہوئے تھے، میں Thirty percent royalty بڑھاوں گا لیکن اس کے وزیر خزانہ صاحب ہمیں چار ساڑھے چار پرسنٹ پر ابھی ٹرخا رہے ہیں، گلہ ہم کس سے کریں؟ آپ کو کر رہے ہیں کہ آپ اپنے کزن کو پہچان لو۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو۔ جناب میر کلام صاحب۔

<u>جناب میر کلام خان:</u> تهینک یو ، جناب سپیکر صاحب۔ زه به د ټولو نه اول دې بجټ اجلاس کښې د بجټ نه اول یو بله ډیره ضروری خبره اوکړم چې دا د پختونخوا وطن دے ، دا اولس یو ډیر تکړه ، او یو ډیر تکړه ترجمان چې پرون په حق اورسیدو ، عثمان خان کاکړ ، چې د هغه خدمات د چا نه هم پټ نه دی خو زه ډیر په افسوس سره وایم چې یو سیاسی لیډر د دې خاورې او یو دومره نیشنلسټ او دومره غټ نوم چې په دې اسمبلئ کښې د سحر نه پرې چا خبره اونه کړه ، بیا باقي

خو د دوئ خبره سباته چې جنازه کیږی، د پارټئ او د کور ئے چې کوم لائحه عمل وی، مونږه او پوره اولس د دوئ سره یو، هغوی چې کومه فیصله کوی، د هغې نه پس زه راځم د بجټ سپیچ ته، پرون د سی سی آئی میټنګ شوے دے، هغه ډیره ضروری خبره ده، پکار دا وه چې منسټر صاحب مونږ ته نن په هغې باندې هم څه بریفنګ راکړے وے خو زمونږ به هیله دا وی، زمونږه به طمع دا وی چې سبا نه بله ورځ چې منتهس ایشو شی، هغه زمونږ د ټولو سره شریک کړی، ځکه چې په مرکز زمونږه قرضه ده، په مرکز باندې زمونږه قرضه ده، هغه به مونږ ته په کوم انداز راکوی؟ چې مونږ ته په هغې کښې هغه خبرې Clear وی، ضم شده اضلاع سره ډیر په هغې کښې لوئې وعدې کیږی راکیږی، که دلته په فلور هم مونږه اوګورو، دلته په فلورهم د ټولو نه زیات د ضم اضلاع خبرې کیږی او که وزیر اعظم صاحب هلته راځی او که وزیر اعلیٰ صاحب هلته راځی، که بل څوک راځی، بالکل اعلانات در اعلانات دی خو په ګراؤنډ باندې په Gross root level باندې مونږ چې ګورو، هغه څیزونه نه کیږی۔ د تیر کال به زه مثال درکړم چې 96 ارب روپئ د ضم اضلاع د پاره ایښودې شوې وې، دا سل اربه روپئ زمونږه په تاسو او په مرکزی حکومت چې کومه قرضه ده، په هغې کښې بیالیس ارب روپئ ریلیز شوې، په هغې کښې بیا پچیس ارب اولګیدې، نو زه سپیشل مبارک باد ورکوم، اجمل خان صاحب خو لاړو، زما په خیال هغه ډیرې مبارکئ ورکولې، د بجټ په حوالې سره خو سپیشل بلاول صاحب ته به زه مبارک باد ورکوم، د Merged اضلاع د خلقو د طرف نه چې دوئ پرې خوشحاله دی، دوئ پرې مطمئن دی نو زه هم دوئ ته مبارک باد ورکوم چې د دوئ د پاره ډیر ټهیک بجټ دے خو زه دا وایم چې په دې بجټ کښې په دې تیرو درې کالونو کښې د ضم اضلاع سره ظلم شوے دے، زیاتے شوے دے، کبر شوے دے، جبر شوے دے، زمونږ سره په پچیسویں آئینی ترمیم کښې چې کومې وعدې شوې وې، زمونږه ګله دا وه، زمونږ امید دا وو چې مونږ به صوبې ته راګډ شو، دلته به بیا مونږ ته تاسو سهولتونه راکوئ خو د هغې سره خبره بالکل برعکس روانه ده، دلته په تقریرونو کښې خبره اوشی خو هلته په ګراؤنډ باندې هغه خبره نه راځی۔ زمونږ د شمالی وزیرستان د دې حکومت د ټولو نه زیاته توجه په جنګلاتو باندې ده او په

فارسټ باندې ده خو زمونږ د شمالي وزیرستان روزانه په سؤنو نه په زرګونو ونې کټ کیږی، هغه سل سل، دوه دوه سوه کاله عمر ئے دے نو په کرک کښې ګیس دے ، لکه ملک صاحب چې اووئیل، هغه زمونږ د شمالی وزیرستان خلقو ته ولې نه ورکولې کیږی، هغه جنګلات چې هم محفوظ شی او د خلقو مسئله هم حل شی۔ بل طرف ته Merger اوشو، زمونږ دا خلق په خبرو باندې به ئے مونږ زیات تنګولو، زه په هغه وخت کښې د Merger خلاف ووم، اوس ئے هم خلاف یم، سبا ئے خلاف یم او په ټول عمر کښې به ئے خلاف یم خو چې کوم خلق ئے په حق کښې وو، هغه خلقو به دا خبره کوله چې په زرګونو پښتانه د اپیل، وکیل او دلیل نه محرومه دی، آیا هغه اپیل، وکیل او دلیل مونږ ته راکړے شوے دے، په یو Merged district کښې د مونږ ته اوښائی چې چرته جوډیشل کمپلیکس باندې کار شروع شوے وی، پکار دا ده چې په ورځو کښې دننه په هغې باندې کار شروع شی، که نه ئے کوی نو معنیٰ ئے دا ده چې زمونږ سره صرف د لفظونو جادوګری کیږی، دلته په دې ایوان کښې یا په تقریرونو کښې او هلته په Gross root level باندې څوک ئے هم نه کوی۔ جناب سپیکر صاحب! زمونږ کډوال دی، زمونږه اے ډی پیز دی، د هغوی د پاره مونږ سپیشل غوښتنه کړې وه خو تر ننه ورځې پورې پرې هیڅ هم خبره او نه کړه، څوک زمونږه خوریونه دی،څوک زمونږه نیکونه دی، څوک خپلوان دی، زمونږ د شمالی وزیرستان بد بختی دا ده چې زمونږ خو نه نیکونه شته او نه مو خوریونه شته خو د دې صوبې حصه یو کنه۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> Windup کریں۔

<u>جناب میر کلام خان:</u> د هغې نه پس جناب سپیکر صاحب! معمولی ګزاره به راسره کوئ۔ تیر کال دلته د فنانس منسټر د دوئ توجه غواړم چې دوئ وعده کړې وه، په بجټ سپیچ کښې چې د Merged districts چې څومره هم د پراجیکټ ملازمین دی، هغه به ټول Permanent کوؤ، یو کال تیر شو، دا بل کال پرې راغلو خو د هغوی د Permanent کولو خبره او نه شوه۔ جناب سپیکر صاحب! لنډه خبره ځکه کوم چې وخت نه اخلم، په اسلامی مدرسو کښې هلته استاذان اغستی شوی دی، د یو کال نه د هغوی تنخواګانې بند دی، پولیټیکل خلقو هلته کار کولو، هغوی ته

د خپل Status پته نه لگی چې اوس زمونږه څه کار دے او هغه Permanent دی که نه دی؟ بل په دې بجټ کښې د ټولو نه غټه خبره دا اوشوه چې مونږ به د گاډو رجسټریشن په یوه روپئ کوؤ او دلته به ئے بیا فری کوؤ، نو زه منسټر صاحب ته مشوره ورکوم چې په Merged districts کښې په لکھونو گاډی دی، اوس خو زمونږ یو صوبه شوه، Merged districts د دې صوبې حصه ده، هغه گاډی دې دوئ په دې شکل کښې لکه چې د رجسټریشن خبره دوئ اوکړه، په یوه روپئ نه، خیر دے په یو پرسنټ باندې دې اوکړی، په پینځه پرسنته باندې دې اوکړی خو هغې ته دې کسټم ورکړلے شی، هلته به په هغه گاډو باندې خلق څه کوی؟ یو طرف ته به زمونږه د صوبې د رجسټریشن چې کوم Setup دے، هغه به هم Directly برابر شی، بل طرف ته هلته د خلقو چې کوم وسائل پرې ضائع شوی دی، هغه به هم پکار راشی۔ بله خبره دا ده چې زمونږ دریائے ټوچی او دریائے خیسور په دې کښې ډیرې زیاتې اوبه راځی، په هغې کښې د څو کالو نه د کرلو زمکه اوړی، د خلقو کورونه په اوبو کښې اوړلې کیږی نو د هغې د پاره Protection walls پکار دی خو په ایمرجنسی بنیادونو پکار دی، داسې کورونه شته چې دا اوبه راشی پرې، په هغې کښې ماشومان او زنانه او سپین ږیری یوسی، بل په ټوچی باندې مونږ ته په څو څو ځایونو مونږ ته لکه په امزونړی کښې په بره محمد خیل کښې په دې علاقو کښې مونږ ته د پل ضرورت دے، په هغې باندې د نن پورې څوک خبره نه کوی۔د موبائل نیټ ورک په یویشتمه صدی کښې په دې سائنسی دنیا کښې په گریوم کښې یو موبائل ټاور لگیدلے دے، په پریاټ کښې یو موبائل ټاور لگیدلے دے، په داتا خیل کښې هم لگیدلے دے، صرف ئے Utilize-----

Mr. Deputy Speaker: Windup, please.

جناب میر کلام خان: جناب سپیکر صاحب! دوه منټه به راکوئ، سپیشل مهربانی به وی۔ هغه په Test basis باندې کهلاؤ کړئ او بیا ئے بند کړئ، په هغې کښې که چرته داسې ټیکنیکل ایشوز وی، مونږ ته دا اوښایئ، که نه وی نو پکار دا ده چې په ایمرجنسی بنیادونو باندې په دې سائنسی دنیا کښې په دې یویشتمه صدئ کښې پکار دا ده چې په شمالی وزیرستان کښې په گټ گټ کښې موبائل نیټ

ورک ورسره تهری جی، فور جی بحال کړے شی۔ بله خبره دا ده چې د غلام خان لاره چې کومه ده، هغه زمونږ د ملک د پاره هم Revenue generate کوی، د هغې غاړه د اولس د پاره هم ضروری ده، د دې غاړې د اولس د پاره هم ضروری ده، د هغې د پاره ئے چې کوم د هائی وے اعلان کړے دے حکومت، په هغې کښې زه د خپل ځان د طرف نه زما د حلقې د خلقو د طرف نه د وزیرستان د ټولو خلقو د طرف نه سپیشل د صوبائی حکومت شکریه هم ادا کوم او مننه ئے هم کوم۔ اخری خبره، په دې ختموم چې ډیرې ورځې اوشوی، تقریباً درې هفتې پوره کیږی، د جانی خیل خلق احتجاج کښې ناست دی، که د هغوی د پاره هم حکومت په سنجیدګئ سره یو داسې قدم واخلی چې هلته ئے لاش ایښودے دے، په هغې باندې احتجاج کوی، خلق درې هفتې اوشوی، دوئ ته څه پازټیو خبره نه ده ورغلې، هغه تیر کال هم چې خبره ډیره ګرانه شوه او بیا اسلام آباد طرف ته خلق راروان شو نو بیا-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Windup کړه جی۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: بیا سی ایم صاحب لاړل، د دوئ سره ئے خبرې اوکړې نو زه غواړم چې د منسټرانو یو ټیم وی یا سی ایم صاحب پخپله هغه مسئله حل کړی، ډیره سنګینه مسئله ده، په پختونخوا وطن کښې لاش پروت وی-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ جی۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: خلق ورته ناست وی-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: کور والا ورته انتظار کوی، درې هفتې ئے هغه لاش ایښودے دے نو په هغې باندې په سنجیدګئ سره کار پکار دے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریه، مهربانی جی۔ ډاکټر امجد علی صاحب، هغوی ریکویسټ کړے دے۔

<u>جناب امجد علی (وزیر ہاؤسنگ)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب! آپ نے موجودہ بجٹ 22-2021ء پر بات کرنے کا موقع دیا۔ جس طرح اپوزیشن کے جتنے بھی ہمارے بھائی ہیں،

انہوں نے اس بجٹ کی بات کی، اپوزیشن کا کام بھی تنقید کرنا ہوتا ہے، جتنا بھی اچھا بجٹ پیش کیا جائے، اس پر اپوزیشن والے اپنی Suggestions بھی دیتے ہیں، تنقید بھی کرتے ہیں، بات بھی کرتے ہیں۔ میرے خیال میں بجٹ پر بہت زیادہ سیر حاصل بات ہوئی ہے، میں چند نکات پر بات کرونگا۔ ہمارے اپوزیشن کے آنریبل ممبرز بار بار ان چیزوں کو اٹھاتے ہیں، سب سے پہلے بجٹ میں جو اچھی بات ہے جس میں تقریباً تین چار پوائنٹس پر میں بات کرونگا، جتنی بھی ہماری فنانس کی ٹیم ہے، میں منسٹر فنانس کو، سی ایم صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ ان حالات میں اپوزیشن خود کہہ رہی ہے کہ حالات بہت خراب ہیں، اس میں اتنا اچھا بجٹ پیش کرنا واقعی داد کا مستحق ہے، میں دو تین چیزوں پر بات کرونگا، ایک سوات موٹروے پر کل بابک صاحب نے کچھ بات کی تھی، آج سوات موٹروے پر اتنا پیسہ لگا ہوا ہے، پچیس سال کے لئے ٹھیکیدار کو لیز پر دیا گیا ہے، ان کا خیال یہی ہے کہ کوئی فائدہ نہیں ہے، میرے خیال میں سب سے زیادہ اس حکومت کا جو بڑا پراجیکٹ ہے، میگا پراجیکٹ ہے، وہ سوات موٹروے کا ہے، پچھلی گورنمنٹ میں شروع ہوا تھا، ایک ریکارڈ مدت میں اس کو کمپلیٹ کیا گیا تھا۔ آپ سب کو پتہ ہے کہ ٹورازم کے لحاظ سے ہماری حکومت کی یہ Priority بھی ہے، ٹورازم کے لئے پورے ملاکنڈ ڈویژن میں جہاں پر سوات ہے، جہاں پر کمراٹ ہے، جہاں پر اچھی ٹورازم ہے، اچھے اچھے سپورٹس کمپلیکس ہیں، ایک ہی Source سے سوات موٹروے سے آپ کو پتہ ہے، بلکہ سب کو پتہ ہے کہ وہاں پر پچھلے سال ریکارڈ ٹورسٹس آئے تھے۔ اس کے علاوہ اس سال ریکارڈ ٹورسٹس آئے، باوجود اس کے کہ ملک میں Pandemic چل رہی تھی اور جاری ہے، وہاں پر پابندیاں بھی تھیں۔ اس کے بعد ستمبر میں جب سوات ٹورازم کو کھول دیا گیا، میرے خیال میں بہت زیادہ ریونیو وہاں سے Generate ہوا، اس کا اصل مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ ٹورازم سے جو غریب طبقہ ہوتا ہے، وہاں پر موجود لوگ ہوتے ہیں، وہاں پر جو ہوٹل جن لوگوں کے ہیں، ریڑی بان ہیں، وہاں پر ٹرانسپورٹ حضرات ہیں، وہاں پر پھل فروٹ فروخت کرنے والے ہوتے ہیں، جہاں پر چھوٹے چھوٹے ہوٹل ہوتے ہیں، کھوکھے ہوتے ہیں، ان کا بھی روزگار بڑھ جاتا ہے، میرے خیال میں اگر اس پر تنقید کوئی کرے، یہ بے جا تنقید ہوگی۔ اس کے علاوہ ہماری حکومت کا جو پچھلے سال صحت انصاف کارڈ تھا، میرے خیال میں اس کو جواب Universal insurance، جو پورے صوبے کو پھیلایا گیا، میرے خیال میں ہماری پی ٹی آئی حکومت کا یہ سب سے بڑا کریڈٹ ہے، میرے خیال میں دو تہائی اکثریت سے اس ایوان میں پی ٹی آئی کی ممبران بیٹھی ہے، اس میں سب سے زیادہ کریڈٹ وہ صحت انصاف کارڈ کو جاتا ہے کیونکہ اس وقت کی

حکومت نے تقریباً کوئی سولہ سے لیکر اٹھارہ لاکھ تک خاندانوں کو صحت انصاف کارڈ کی سہولت دی تھی جس میں فی خاندان نو لوگوں کو علاج معالجہ کی سہولت تھی، اس میں پانچ لاکھ روپے سالانہ اس کے لئے فنڈز رکھے گئے تھے۔ میرے خیال میں یہاں پر ایوان میں شاید مجھے بھی ضرورت اس چیز کی نہیں تھی، ہمارے اپوزیشن بھائیوں کی نہیں تھی لیکن جو غریب لوگ اس سے مستفید ہوئے، جو بندہ جب وہ ہاسپیٹل جاتا ہے، اس کے پاس جیب میں پیسے نہیں ہوتے ہیں، وہاں پر Indoor یعنی جو بندہ وہاں پر Admit ہو جاتا ہے، چاہے وہ ایک دن کے لئے Admit ہوتا ہے یا دس دن کے لئے یا تیس دن کے لئے، وہاں پر اس کا علاج Free ہوتا ہے، وہاں پر اس کی تمام Surgeries جو Minor ہوں یا Major ہوں، وہ Free ہوتی ہیں، ان کو احساس ہوتا ہے کہ یہ کتنا بڑا اچھا اقدام ہے، میرے خیال میں اس کو اب سارے صوبے تک پھیلایا گیا ہے، تقریباً ساٹھ اور پینسٹھ خاندانوں تک یہ اگلے الیکشن میں پاکستان تحریک انصاف کو اس سے زیادہ سیٹیں دیں گی، یہ اس حکومت کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔ اس کے علاوہ بی آر ٹی پر کامران بنگش نے بھی بات کی، میرے خیال میں دو تین چیزیں جو اپوزیشن بار بار ان کو تنقید میں لے کر آ رہی ہے، میرے خیال میں ہر چیز میں اللہ پاک کی ایک حکمت ہوتی ہے، جس چیز پر جتنی زیادہ تنقید ہوتی ہے، جتنا انہوں نے اس کو Criticize کیا، اس چیز کو اللہ پاک نے ہمارے لئے ایک ایسا ذریعہ بنایا، اس کو اس طرح انہوں Publish کیا، انہوں نے، اپوزیشن کے لوگوں نے ان کو اتنی زیادہ Projection دی، آج بابک صاحب نے کہا کہ بی آر ٹی سے کیا فائدہ ہے، میرے خیال میں وہ لوگ جو روزانہ ایک لاکھ 80 ہزار لوگ اس بی آر ٹی میں سفر کرتے ہیں، ان سے آپ پوچھیں کہ ان کو کیا فائدہ پہنچا ہے یا نہیں پہنچا؟ ان کو ساری Facilities جو Developed countries میں ملتی ہیں، وہ اس بس میں ملتی ہیں، ہر قسم کی Facilities ہیں، میرے خیال میں یہ انہوں نے اتنا زیادہ Criticize کیا، پشاور اور پورے صوبے کے عوام نے دیکھا کہ یہ میگا پراجیکٹ صوبے کیلئے کتنا اہم ہے، میرے خیال میں اگر بی آر ٹی کی وجہ سے اس کی Projection یا عوام میں اتنا زیادہ Criticize کرنے کی وجہ سے جو زیادہ پی ٹی آئی کو جتنی زیادہ فائدہ پہنچا ہے، میرے خیال میں اپوزیشن کے لوگوں نے اس کو فائدہ پہنچایا ہے، Criticism کی وجہ سے۔ اس کے علاوہ میں ایک دو چیزوں پر بھی بات کرونگا، ہمارے جتنے بھی بھائی اپوزیشن میں بیٹھے ہیں، وہ بار بار اکثر ہمیں کہتے ہیں کہ عمران خان کے اوپر وہ تنقید کرتے رہتے ہیں کہ وہ یہودیوں کے ایجنٹ ہیں، یہ فلاں ہے، یہ فلاں ہے، میرے خیال میں اس اسمبلی میں جتنی زیادہ Legislation اسلام کیلئے ہوئی ہے، میرے

خیال میں پاکستان کی تاریخ میں اتنی زیادہ Legislation نہیں ہوئی ہے، آپ سب دیکھ لیں کہ یہاں پر سود کا نظام ہے، اس کے خلاف Legislation ہوئی ہے، اگر میں یہ گنوں تو بہت سی چیزیں ہیں، اس بجٹ میں جو آئمہ کرام کیلئے جو بیس ہزار آئمہ کرام اور خطیبوں کیلئے جو اعزازیہ رکھا گیا ہے، پچھلے دن ہمارے معزز رکن عصام الدین صاحب جو ہمارے ایم پی اے ہیں، اس نے ایک بات کہی کہ اس کو گریڈ سترہ یا اٹھارہ تک ان کو اس پر وہ سہولیات یا Facilities دینی چاہیئے، اس Rank کی، میرے خیال میں معزز ایم پی اے سے یہی کہونگا کہ آپ کی بھی حکومت اس صوبے میں دو تین دفعہ آئی ہے، اگر آپ یہ پیش رفت کر لیتے، کم از کم آپ ان کیلئے چار پانچ ہزار روپے اعزازیہ رکھ لیتے، میرے خیال میں ہم اس کو بڑھا کر ابھی چالیس اور پچاس ہزار روپے کر لیتے، یہ اس حکومت کا بہت بڑا اچھا اقدام ہے کہ اس حکومت نے کم از کم بیس ہزار آئمہ کرام کیلئے کچھ نہ کچھ تو کیا، ان شاء اللہ آئندہ جب ہماری حکومت آئیگی یا کسی اور کی آئیگی تو وہ اس کو آگے بڑھائے گی۔ یہ اس حکومت کا بہت بڑا اچھا اقدام ہے کہ انہوں نے تقریباً کوئی بیس ہزار خطیبوں اور آئمہ کرام کیلئے اعزازیہ مقرر کیا۔ اس کے علاوہ یہ کل رقم بنتی ہے، 2.6 بلین جو ایک بہت بڑی رقم ہے۔ اس کے علاوہ آپ کو پتہ ہے کہ تقریباً ہماری پچھلی گورنمنٹ نے اعلان کیا تھا، اس پر بابک صاحب نے تنقید کی کہ اس میں کوئی Allocation نہیں ہے، یعنی ہم نے کہا تھا کہ چار ہزار مساجد کو ہم Solarize کرینگے، میرے خیال میں الحمد للہ وہ چار ہزار جتنی بھی مساجد تھیں، ان کو Solarize بھی کیا ہے، اگر کسی کو شک ہے، ہم ان کو وزٹ کرا سکتے ہیں، اپنے اپنے جتنے بھی ہمارے ایم پی ایز ہیں، ہمارے معزز لوگ بیٹھے ہیں، یہ سب اپنے حلقوں میں آپ کو دکھا سکتے ہیں کہ کہاں پر اور کس جگہ پر کن مساجد میں Solarization ہوئی ہے، میرے خیال میں یہ سب سے بڑی اچھی بات ہے، اس حکومت کی کہ ہم نے آئمہ کرام کو وظیفے بھی دیئے، ہم نے مساجد کو Solarize بھی کیا، ان شاء اللہ اس کا Second phase ابھی جاری ہے۔ اس طرح آپ کو ایک اور اہم بات جو بار بار تنقید کی زد میں آتی ہے، علی الاعلان اسمبلی کے فلور پر جھوٹ بولا جاتا ہے، پچھلے سات آٹھ سال سے کوئی سکول کمپلیٹ نہیں ہوا، میں چیلنج دیتا ہوں، میرے حلقے میں آئیں، میں آپ کو کم از کم اکتالیس بیالیس کمپلیٹ سکول جو 2013ء سے لیکر 2020ء تک جو نئے Established schools ہیں، سارے کمپلیٹ ہیں اور جو سکولوں کی اپ گریڈیشن ہے، پرائمری سے مڈل، مڈل سے ہائی اور ہائی سے ہائر سیکنڈری، کم از کم میں اپنی Constituency میں کوئی Forty سکول وہ آپ کو کمپلیٹ بتا کر دے سکتا ہوں، آپ لوگوں کو وزٹ بھی کرا سکتا ہوں کہ اربوں روپے ان پر لگے

ہیں۔ میرے خیال میں یہاں کے لوگ اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور وہ یہاں پر Criticize کر لیتے ہیں کہ کوئی سکول ابھی تک نہیں بنا، میرے خیال میں اپوزیشن کے بعض لوگ خوابوں کی دنیا میں رہتے ہیں، ان کو پتہ نہیں ہے کہ ان آٹھ سالوں میں کتنی زیادہ ڈیویلپمنٹ ہوئی ہے، میرے خیال میں جو Judgment ہے وہ عوام کرینگے، میں اپنی اچھائیاں اپنی گورنمنٹ کی بیان کرونگا، اپوزیشن اس پر تنقید کرے گی۔ میرے خیال میں 2013ء سے لیکر 2018ء تک جب ہم الیکشن میں گئے تھے، الیکشن میں عوام نے فیصلہ کیا، ہمیں دو تہائی اکثریت سے یہاں پر بھیجا گیا، میرے خیال میں ان شاء اللہ میں بالکل یہاں اسمبلی کے فلور پر کہہ سکتا ہوں کہ یہ جو تین چار چیزیں میں نے گنوائی ہیں، اس Progress پر ان شاء اللہ 2023ء کے الیکشن میں اس سے بھی زیادہ لوگ وہ اسمبلی میں پی ٹی آئی سے منتخب ہو کر اس اسمبلی میں بیٹھیں گے۔ بہت شکریہ، میں زیادہ ٹائم نہیں لونگا، چونکہ اپوزیشن والے زیادہ باتیں کرینگے۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: فضل الٰہی صاحب۔

جناب فضل الٰہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے بلدیات و دیہی ترقی): اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ سب سے پہلے میں اپوزیشن کا مشکور ہوں کہ بجٹ کے دن جو رواداری، دوستی، پختونولی اور وروولی کی جو مثال قائم کی، الحمد للہ اب پورے پاکستان میں اس کی مثالیں دی جارہی ہیں، چاہے وہ پنجاب میں ہو، سندھ میں ہو، بلوچستان میں ہو، چاہے گلگت میں ہو، چاہے کشمیر میں ہو۔ جناب سپیکر! میں پشاور کے حوالے سے ایک دو پوائنٹس عرض کرونگا، وہ یہ ہے کہ یہ ہم سب کا پشاور ہے لیکن پھر ستم ظریفی ہی کیوں، اگر ہم بیٹھیں، اپنے ڈیرے پر یا دفتر میں جو بھی ٹیچر صاحب آتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ مجھے پشاور میں ٹرانسفر چاہیئے، کوئی ڈاکٹر صاحب آتے ہیں وہ بھی کہتے ہیں کہ ہمیں پشاور میں ٹرانسفر کردیں، کوئی پڑھنا چاہتے ہیں، سٹوڈنٹس ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہمیں پشاور میں ہی پڑھنا ہے، کوئی Patient ہو، کوئی ایمرجنسی ہو، کسی بھی ضلع میں وہ کنٹرول نہیں ہو سکتا ہے، وہ بھی پشاور میں آنا چاہتا ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ پشاور کی اگر میں 98-1997ء کی بات کروں، اس ٹائم تقریباً مردم شماری کے مطابق آبادی 20 لاکھ تھی، 18-2017ء میں 43 لاکھ تھی، آپ کو پتہ ہے، اکثر مردم شماری میں بھی جلدی جلدی کام ہو جاتا ہے، اس سے آدھے رہ جاتے ہیں، اگر صحیح مردم شماری ہو جائے، ابھی 18-2017ء میں 43 لاکھ تھی، آج 2021ء میں اگر دیکھا جائے تو شاید 50 لاکھ بھی Cross کیا ہو،

اگر صحیح مردم شماری ہو جائے تو ایسا نہ ہو کہ ایک کروڑ Cross نہ کیا ہو، میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جتنے بھی میرے یہاں پر میرے سینیئر بھائی منسٹر صاحبان اور میرے اپوزیشن کے بھائی، ایم این ایز، ایم پی ایز صاحبان سے میں کہتا ہوں، ان سے ایک ریکویسٹ کرتا ہوں، اگر پشاور کے بارے میں سوچا جائے، اگر سچ مچ میں ہم سب کا پشاور ہے، اس کیلئے سوچنا چاہیئے کہ یہاں پر جو ہاسپیٹلز بنے ہوئے ہیں، اس میں آپ زیادہ وارڈز کی اور ڈیپارٹمنٹس کی بات نہ کریں، صرف اور صرف CCU کی بات کریں، صرف اور صرف ICU کی بات کریں، یہاں پر ایل آر ایچ، ایچ ایم سی، کے ٹی ایچ میں صرف دس بیڈز اور چھ بیڈز CCUs ہیں، ICU ہیں، یہاں اگر دیکھا جائے، آج بھی اگر آپ کمیٹی بنائیں، یہاں پر ایل آر ایچ کو چیک کیا جائے، کے ٹی ایچ کو چیک کیا جائے، ایچ ایم سی کو چیک کیا جائے، اس میں Ninety percent جو Patients ہیں وہ Out districts کے ہونگے، کیوں نہ میں اگر ریکویسٹ کروں، ایک دفعہ پہلے بھی میں ریکویسٹ کر چکا ہوں، اگر سپیکر صاحب! براہ کرم اس میں ہم سب سے فنڈ کاٹ کر اور یہ ایل آر ایچ، ایچ ایم سی اس میں کم از کم پورے کے پی کے عوام کو مد نظر رکھتے ہوئے، اگر یہاں پر کم از کم ایک ایک بلاک CCU ، ایک ایک بلاک ICU کے بنائے جائیں، کم از کم پچاس پچاس بیڈز ان میں ہونے چاہئیں، پھر ہماری ایمرجنسی وہ Cover ہو سکتی ہے۔ آپ دیکھیں، اس کا جو لوڈ ہے، ابھی ہم کالجز، سکولز کو دیکھیں، جو بھی لوگ کے پی سے آتے ہیں، ہمارے گرلز کالج پر لوڈ ہے، ہماری یونیورسٹی پر لوڈ ہے، ہمارے بوائز کالج پر لوڈ ہے، میں ابھی بھی شرطیہ کہتا ہوں کہ ہمیں ابھی بھی بیس کالجوں کی ضرورت ہے، پشاور میں وہی سن صفر کے کالجز بنے ہوئے ہیں، اس میں ہر بندہ جو ہے، میرا بھائی منسٹر، ایم این اے، ایم پی اے چاہے جو بھی ہو وہ کہتا ہے کہ میرے حلقے میں بن جائے، میرے خیال میں یہ جو لوگ کہتے ہیں، عوام کہتے ہیں، ہمارے آنریبل ممبرز کہتے ہیں، "ہم سب کا پشاور" مجھے یہ نعرہ جھوٹ لگ رہا ہے، آپ نے دیکھا کہ دہشت گردی کا جو لوڈ تھا، اس کو بھی پشاور نے سنبھالا ہے، پشاور ہی کے ہاسپیٹلز نے سنبھالا ہے، پشاور ہی کے سکولز، کالجز نے سنبھالا ہے۔ آپ دیکھیں، یہاں پر جو متاثرین تھے وہ بھی پشاور میں آتے تھے اور ابھی تک رہتے ہیں، میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں، Response بھی مانگوں گا، اپنے سینیئرز سے میرے قابل احترام سینیئرز ہیں، خدا کیلئے یہ جو پشاور ہے یہ ہم سب کا پشاور ہے، اس پر ذرا رحم والا معاملہ کر دیں تاکہ پورے کے پی سے جو لوگ آتے ہیں وہ مستفید ہوں، وہ آئیں اور وہ مایوس لوٹ کر چلیں گے۔ جناب سپیکر! جو مدرسے ہیں، اس پر بھی لوڈ ہے، میں آپ کو ایک عرض کرتا ہوں کہ پشاور کے جو ایم پی ایز ہیں، پشاور کے جو منسٹرز

ہیں، وہ متاثرین ہیں، دو ڈھائی سال سے میرے بھائی یہاں پر تشریف فرما تھے، اب نہیں ہیں۔ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ صاحب نے پہلے ایک عدالت میں پھر دوسری عدالت میں پھر سپریم کورٹ سے Stay لیا، پورے پشاور میں ترقیاتی کام وہ بند کئے تھے، ہم متاثرین ہیں، ہم پر بھی رحم کیا جائے۔ ہمارے جو علاقے ہیں، جو حلقے ہیں، ان کے لئے آپ کی خصوصی توجہ کی ضرورت ہے، چیف منسٹر صاحب کی توجہ کی ضرورت ہے، منسٹر ان صاحبان یہاں بیٹھے ہیں، ان کی توجہ کی ضرورت ہے، براہ کرم ہم متاثرین ہیں، ہماری بھی مدد کی جائے۔ جو سکولز ہیں یا ٹریفک کا سسٹم ہے، کم از کم اس پر سپیشل خصوصی فنڈ جو ہے، میرا خیال تھا کہ فنانس منسٹر صاحب چلے گئے لیکن وہ تو بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ یہاں پر بھی کیمرے لگائے جائیں، سکولوں میں بھی کیمرے لگائے جائیں، مدرسوں میں بھی کیمرے لگائے جائیں، اس کیلئے بھی آپ اعلان کرینگے، فنڈ کیلئے تاکہ ماحول اچھا اور بہتر ہو، یہاں پر جو پشاور میں ترقیاتی کام ہوئے ہیں، منسٹر صاحب نے بجٹ پیش کیا ہے، میں ان سے آپ کی وساطت سے درخواست کروں گا کہ ماشاء اللہ کونسا وہ فارمولہ استعمال کیا کہ اتنا اچھا بجٹ پیش کیا اور خصوصاً میرے حلقے اور پھر میرے علاقے میں ایک گندگی کا ڈھیر ہوا کرتا تھا جو کہ آج میں چیف منسٹر صاحب کا مشکور ہوں، فنانس منسٹر صاحب کا مشکور ہوں جو ہمارے لوکل گورنمنٹ کا منسٹر صاحب ہیں، میں ان کا مشکور ہوں، انہوں نے گلستان ہزار خوانی پارک وہاں پر بنا کر میرے بچوں کے لئے کھیل کود اور پورے پشاور کے لئے، میرے خیال میں یہ رینگ روڈ پشاور کا دل ہے اور پشاور کے دل میں ایک اچھا پارک بنا کر پورے پشاور کے دل جیت لئے ہیں۔ میں ان شاء اللہ آپ سے امید کرتا ہوں کہ آپ نے اور میرے سینیئر صاحب مجھے دیکھ رہے ہیں، میرے استاد بھی ہیں، شوکت صاحب، شاید وہ پشاور کے بارے میں ہم سب کا پشاور جو ہے Respond ضرور کرینگے۔ تھینک یو۔ السلام علیکم ورحمت اللہ۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب کل بھی نہیں تھے اور آج بھی، محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں پہلے آپ کا اور تمام اپوزیشن، پارلیمانی لیڈران کا اور اپوزیشن لیڈر کا اس لحاظ سے نہایت مشکور ہوں کہ یہاں پر ہم نے بڑے اچھے ماحول میں بجٹ تقریر سنی، ان شاء اللہ اس پر بحث بھی جاری ہے۔ وزیر خزانہ صاحب کی بھی مشکور ہوں، انہوں نے بھی پچھلے

